## سوال

(329)مشرکین کے ہاں رہائش پزیر ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مزاروں کو ماننے والے اور غیر اللہ کےلئے جانور قربان کرنے والے مشرکین میں سے کسی عورت کے گھر رات رہنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مزاروں والے اور غیر اللہ کےلئے ذبح کرنے والے مشرک کے ہاں رات گزارنا جائز نہیں ۔ کیونکہ ممکن ہے وہ اس پر اثرانداز ہواوراسے شرک کی طرف بلائے ۔ البتہ اس وقت جائز ہے جب مجبوری ہویاوہاں رہنے میں اسے فائدہ محسوس ہوتا ہوکہ وہ اسے اللہ تعالیٰ ( کے دین ) کی طرف بلائے گا اور شرک سے بچنے پر آمادہ کرے گا۔ شاید اللہ تعالیٰ اسے ہدایت نصیب فرمائے اور حق قبول کرنے کی توفیق بخشے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج1

### محدث فتویٰ